سوال

(250)زید ہمیشہ داڑھی مونڈتا ہے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید ہمیشہ داڑھی مونڈتا ہے۔ گانا باجا وغیرہ سنتا دیکھتا ہے۔ ایک امام صاحب نے اپنی پڑھی لکھی لڑکی کی شادی اس سے کردی۔ حالانکہ وہ پہلے سے اس کے حالات سے واقف تھے۔ اب سوال یہ ہے کہ زید کافر جہنمی ہے یا نہ۔ اور یہ شادی درست ہے یا نہ اور زید کے ساتھ تعلقات رکھنا کیسا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

داڑھی منڈا کافر نہیں فاسق مسلمان ہے۔ ایسے شخص سے ملنا جلنا اور اس کو مسنون داڑھی کی تلقین کرنا اس سے علیحدگی اختیار کرنے سے بدرجہ بہتر ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔

ان تخالط الناس خیر من ان تجا نبہم

اور ایسے شخص سے جو نکاح ہوچکا ہے وہ درست ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص200

محدث فتویٰ